یہود ونصاری کو جزیرۂ عرب سے نکالنے سے متعلق حدیث کی شرح

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1889

تاریخ اجراء: 29 صفر المظفر 1446ھ/04 ستمبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلے کے بارے میں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ میں یہود ونصاریٰ کو جزیرۂ عرب سے نکال دوں گا۔اس حدیث کا مفہوم اور مطلب کیا ہے؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

مشکوۃ المصابیح میں بحوالہ صحیح مسلم حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ”لأخرجن اليهود والنصارى من جزيرة العرب حتى لا أدع فيها إلا مسلما“یعنی میں یہودیوں اور عیسائیوں کو جزیرۂ عرب سے نکال دوں گا حتی کہ اس میں نہ چھوڑوں گا مگر مسلمان کو۔(مشکوۃ المصابیح مع مرقاۃ المفاتیح، جلد7، صفحہ585، مطبوعہ: بیروت)

مذکورہ حدیث کی شرح میں مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”یعنی ہمارا ارادہ یہ ہے کہ عرب سے تمام دینوں کو نکال دوں، یہاں صرف مسلمان رہیں تاکہ یہ جگہ فتنہ وفساد کی نہ رہے صرف حج وعمرہ، زیارت اور ذکرِ الٰہی کے لیے رہے جہاں صرف عبادات ہوں سیاسی اڈہ اور فتنہ فساد کا اکھاڑہ نہ بنے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ کو یہود سے خالی کرالیا، اس طرح کہ وہاں کے یہودیوں میں سے بنی قریظہ کو قتل کردیا اور بنی نضیر کو جلاوطن فرمادیا، خیبر فتح فرمایا تو وہاں کے یہود کو عارضی طور پر کچھ روز رہنے سہنے کی اجازت دی، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں وہاں سے بھی نکال دیا، اس طرح حضور انور کی یہ خواہش رب نے پوری فرمادی۔“(مراۃ المناجیح، جلد5، صفحہ628، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

جزیرۃ العرب کے متعلق مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”عرب اس جزیرہ کا نام ہے جو بحرِ ہند، بحرِ شام، دجلہ وفرات سے گھرا ہوا ہے۔ عدن سے شام تک طول ہے، جدہ سے عراق تک عرض ہے۔اس کے پانچ صوبے

ہیں: حجاز، عراق، یمن، نجد، بحرین، باقی دیگر ممالک کا نام عجم ہے۔“(مراۃالمناجیح، جلد5، صفحہ624، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net